بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| جامعہ: | جامعۃ المدینہ دیال گڑھ فیصل آباد، پنجاب، پاکستان |
| مضمون: | آخری نبی ﷺ کی پیاری سیرت |
| کلاس: | فرسٹ ائیر |
| مدرِّس: | ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری |
| مرتّب: | ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری |
| کمپوزر: | ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری |
| رابطہ نمبر: | 03104792476 |
| اہم نوٹ: | حتی المقدور غلطی سے بچنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن فقیر مملوّ من التقصیر کی اس ادنیٰ کاوش میں اگر کسی کو کوئی غلطی ملے تو برائے خاکِ مدینہ رابطہ فرما کر محسن ہونے کا اظہار فرمائیں۔ |

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

# ☆معروضی سوالات☆

۱۔ مشہور قول کے مطابق واقعۂ اصحابِ فیل کے۔۔۔۔۔۔۔دن بعد حضور ﷺ کی ولادت ہوئی۔

(الف) 56 (ب)√ 55 (ج) 57 (د) 58

۲۔ جناب نبی کریم ﷺ کی ولادتِ باسعادت۔۔۔۔۔۔۔۔کے دن ہوئی۔

(الف)√ پیر (ب) منگل (ج) بدھ (د) ہفتہ

۳۔ جناب نبی کریم ﷺ کی ولادتِ باسعادت۔۔۔۔۔۔۔کو ہوئی۔

(الف) 571ھ (ب) 572ھ (ج)√ 571ء (د) 570ء

۴۔ نبی کریم ﷺ کے والد ماجد کی عمر مبارک بوقتِ وصال۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھی۔

(الف) 20سال (ب) 25دن (ج) 25ماہ (د)√ 25سال

۵۔ نبی کریم ﷺ کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت۔۔۔۔۔۔۔رضی اللہ عنہا تھا۔

(الف) حفصہ (ب) خدیجہ (ج)√ آمنہ (د) فاطمہ

۶۔ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھی۔

(الف) رضاعی بہن (ب)√ رضاعی ماں (ج) بہن (د) نسبی ماں

۷۔ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کا تعلق قبیلہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے تھا۔

(الف)√ بنوسعد (ب) بنوفہر (ج) بنوکلب (د) بنوہاشم

۸۔ نبی کریم ﷺ کو حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ مزید۔۔۔۔۔۔خوش قسمت عورتوں نے دودھ پلایا۔

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 5 (د)√ 6

۹۔ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے شوہر کا نام حضرت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رضی اللہ عنہ تھا۔

(الف) احمد (ب) عبد الرحمٰن (ج)√ حارث (د) عبد اللہ

۱۰۔ نبی کریم ﷺ نے اپنی عمر کے ابتدائی حصے میں یہ کلام فرمایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) الحمد للہ حمدا کثیرا (ب)√ اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا (ج) سبحن اللہ تسبیحا

۱۱۔ نبی کریم ﷺ تقریباً۔۔۔۔۔۔۔۔تک قبیلہ بنو سعد میں قیام فرما رہے۔

(الف)√ 4سال (ب) 4ماہ (ج) 5ماہ (د) 5سال

۱۲۔ "شقِ صدر" کا مطلب ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) سر کو چیرنا (ب) جسم کو چیرنا (ج) دل کو چیرنا (د)√ سینے کو چیرنا

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

۱۳۔ شقِ صدر کا عمل نبی کریم ﷺ کی زندگی میں ۔۔۔۔۔۔ مرتبہ ہوا۔

(الف) 2 (ب)√ 4 (ج) 5 (د) 6

۱۴۔ نبی کریم ﷺ کے والد کی کنیز کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(الف) امِّ عمارہ (ب) امِّ ہانی (ج)√ امِّ ایمن (د) امِّ حبیبہ

۱۵۔ نبی کریم ﷺ کی والدہ ماجدہ کا انتقال ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے مقام پر ہوا۔

(الف) احد (ب) مروہ (ج) صفا (د)√ ابواء

۱۶۔ نبی کریم ﷺ کے دادا جان کا نام حضرت ۔۔۔۔۔۔۔۔ رضی اللہ عنہ ہے۔

(الف) عبدالرحمٰن (ب) عمران (ج)√ عبدالمطلب (د) عبداللہ

۱۷۔ جب نبی کریم ﷺ کی عمر مبارک ۔۔۔۔۔۔ ہوئی تو ان کے دادا جان کا انتقال ہو گیا۔

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 5 (د)√ 8

۱۸۔ جب نبی کریم ﷺ کی عمر مبارک 10 سال ہوئی تو آپ اپنے چچا زبیر کے ہمراہ ۔۔۔۔۔۔ کیطرف سفر کیلئے نکلے۔

(الف)√ 10 (ب) 6 (ج) 5 (د) 8

۱۹۔ نبی کریم ﷺ نے اپنا پہلا تجارتی عمر ۔۔۔۔۔۔ کی عمر مبارک میں فرمایا۔

(الف) 10 سال (ب) 12 ماہ (ج)√ 12 سال (د) 8 سال

۲۰۔ نبی کریم ﷺ کے پہلے تجارتی سفر میں آپ کی ملاقات ۔۔۔۔۔۔۔ نامی راہب سے ہوئی۔

(الف) ابو منطقہ (ب)√ برجیس (ج) پادری (د) شیما

۲۱۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لیے ۔۔۔۔۔۔۔ نامی مقام کی طرف دوبار تجارت کرنے کیلئے حضور ﷺ تشریف لے گئے۔

(الف) حبشہ (ب) کوفہ (ج)√ جُرَش (د) شام

۲۲۔ حکمِ الٰہی سے دنیا میں سب سے پہلا پہاڑ جبلِ ۔۔۔۔۔۔۔ نامی پیدا ہوا۔

(الف) نور (ب) صفا (ج) احد (د)√ ابوقبیس

۲۳۔ معاہدہ حلف الفضول کے وقت قریش کے بڑے بڑے سرداران ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے گھر جمع ہوئے۔

(الف) عاص بن وائل (ب) عبداللہ بن مروان (ج)√ عبداللہ بن جدعان (د) جدعان بن عبداللہ

۲۴۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا سلسلۂ نسب ۔۔۔۔۔۔۔۔ واسطوں سے نبی کریم ﷺ سے جاملتا ہے۔

(الف)√ تین (ب) سات (ج) چھ (د) پانچ

۲۵۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کا حق مہر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مقرر کیا گیا تھا۔

(الف) پندرہ اونٹ (ب) پچیس اونٹ (ج) √ بیس اونٹ (د) پندرہ بکریاں

**۲۶.** حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا تقریباً۔۔۔۔۔۔۔۔۔تک حضور ﷺ کی خدمتِ بابرکت میں رہی۔

(الف) 20سال (ب)√ 25سال (ج) 25ماہ (د) 22سال

**۲۷.** نبی کریم ﷺ کی عمر مبارک۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوئی تو تیز بارش سے حرمِ کعبہ میں سیلابی پانی آیا۔

(الف) 20سال (ب) 35ماہ (ج)√ 35سال (د) 22سال

**۲۸.** نبی کریم ﷺ کی بعثت سے قبل خانہ کعبہ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔بت نصب تھے۔

(الف) 355 (ب) 350 (ج) 365 (د)√ 360

**۲۹.** وحی کی ابتداء۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے ہوئی۔

(الف)√ سچے خوابوں (ب) خوابوں (ج) سچ

**۳۰.** غارِ حرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔نامی پہاڑ میں واقع ہے۔

(الف) ابی قبیس (ب) ثور (ج) √ جبل نور (د) صفا

**۳۱.** غارِ حرا زمین سے تقریباً۔۔۔۔۔۔۔۔سے زیادہ کی بلندی پر ہے۔

(الف) 350کلومیٹر (ب)√ 350میٹر (ج) 350سینٹی میٹر (د) 400میٹر

**۳۲.** عورتوں میں سب سے پہلے حضرت۔۔۔۔۔۔۔۔رضی اللہ عنہا نے اسلام قبول کیا۔

(الف) عائشہ (ب) فاطمہ (ج)√ خدیجہ (د) صفیہ

**۳۳.** آزاد مردوں میں سب سے پہلے حضرت۔۔۔۔۔۔۔۔رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

(الف) عثمان (ب)√ ابو بکر (ج) عمر فاروق (د) ابوعبیدہ

**۳۴.** لڑکوں میں سب سے پہلے حضرت۔۔۔۔۔۔۔۔رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

(الف) طلحہ (ب) ابو بکر (ج)√ علی المرتضیٰ (د) ابوعبیدہ

**۳۵.** آزاد کردہ غلاموں میں سب سے پہلے حضرت۔۔۔۔۔۔۔۔رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

(الف)√ زید بن حارثہ (ب) بلال (ج) علی المرتضیٰ (د) ابوعبیدہ

**۳۶.** غلاموں میں سب سے پہلے حضرت۔۔۔۔۔۔۔۔رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

(الف) زید بن حارثہ (ب)√ بلال (ج) علی المرتضیٰ (د) ابوعبیدہ

**۳۷.** تین سال بعد یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

(الف) ﴿قُلْ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ﴾ (ب) ﴿قُلْ مَآ أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ﴾
(ج)√ ﴿وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ ٱلْأَقْرَبِينَ ﴿٢١٤﴾﴾

**۳۸.** اعلانِ نبوت کے چوتھے سال یہ آیت کریمہ۔۔۔۔۔۔۔نازل ہوئی۔

(الف) ﴿قُلْ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ﴾ (ب)√ ﴿فَٱصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ ٱلْمُشْرِكِينَ ﴿٩٤﴾﴾ (ج) ﴿وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ ٱلْأَقْرَبِينَ ﴿٢١٤﴾﴾

**۳۹.** رسول اللہ ﷺ حرمِ کعبہ میں تشریف فرماتے تھے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔نامی کافر نے گلے میں چادر کا پھندہ ڈال کر زور سے کھینچا۔

(الف)√ عقبہ (ب) عتبہ (ج) ربیعہ (د) شیبہ

**۴۰.** اسلام کی سب سے پہلی شہید خاتون کا نام حضرت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رضی اللہ عنہا ہے۔

(الف) سلمہ (ب) صائمہ (ج) حفصہ (د)√ سمیہ

**۴۱.** حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے نیزہ مار کر شہید کیا۔

(الف)√ ابوجہل (ب) ابولہب (ج) شیبہ (د) عقبہ

**۴۲.** حبشہ کے بادشاہ کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھا۔

(الف) نجاشی (ب)√ اصحمہ (ج) بحیرہ (د) شیبہ

**۴۳.** حبشہ کے بادشاہ کا لقب۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھا۔

(الف)√ نجاشی (ب) اصحمہ (ج) بحیرہ (د) شیبہ

**۴۴.** حبشہ کا بادشاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔دین پر عمل کرتا تھا۔

(الف) یہودی (ب) مجوسی (ج)√ عیسائی (د) اسلام

**۴۵.** ہجرتِ اولیٰ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔مردوں نے پیارے وطن میں چھوڑ کر حبشہ کی طرف ہجرت کی۔

(الف) دس (ب) آٹھ (ج) بارہ (د)√ گیارہ

**۴۶.** ہجرتِ اولیٰ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔عورتوں نے پیارے وطن میں چھوڑ کر حبشہ کی طرف ہجرت کی۔

(الف) پانچ (ب)√ چار (ج) سات (د) گیارہ

**۴۷.** حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں کی تعداد۔۔۔۔۔۔۔۔۔تک ہو گئی تھی۔

(الف)√ 82 (ب) 85 (ج) 87 (د) 80

**۴۸.** تمام بنوہاشم۔۔۔۔۔۔۔۔سال تک شعبِ ابی طالب میں محصور (قید) رہے۔

(الف) تین ماہ (ب) چار ماہ (ج) چار سال (د)√ تین سال

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

**۴۹.** عامُ الحُزن کا مطلب ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) سال کا غم (ب)√ غم کا سال (ج) غم کا مہینہ (د) مہینے کا غم

**۵۰.** طائف میں موجود باغ میں عتبہ بن ربیعہ کے غلام ۔۔۔۔۔۔ انگوروں کا گچھا حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خدمت میں لائے۔

(الف) دعاس (ب) سعاد (ج)√ عداس (د) سعد

**۵۱.** عتبہ بن ربیعہ کا غلام دولتِ ایمان سے سرفراز ہونے سے پہلے ۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(الف)√ نصرانی (ب) یہودی (ج) مجوسی (د) بت پرست

**۵۲.** سفر طائف سے واپسی پر مقامِ ۔۔۔۔۔۔۔ میں جنات نے حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا۔

(الف) قرن (ب) نصیبین (ج)√ نخلہ (د) احد

**۵۳.** مدینہ شریف کا پرانا نام ۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(الف)√ یثرب (ب) یثرن (ج) ثیرب (د) نخلہ

**۵۴.** مدینہ شریف کا پورا نام ۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف)√ مدینۃ النبی (ب) نبی المدینۃ (ج) ثیرب (د) نخلہ

**۵۵.** نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ظاہری حیات کے تقریباً ۔۔۔۔۔۔۔ مدینہ شریف میں گزارے۔

(الف) دس ماہ (ب) دس دن (ج)√ دس سال (د) بارہ سال

**۵۶.** عربی میں عقبۃ ۔۔۔۔۔۔۔ کو کہتے ہیں۔

(الف) وادی (ب)√ گھاٹی (ج) کنواں (د) سمندر

**۵۷.** نبوت کے گیارہویں سال مسجد العقبۃ میں قبیلۂ خزرج کے ۔۔۔۔۔۔ آدمی اسلام لائے۔

(الف) بارہ (ب) دس (ج) گیارہ (د)√ چھ

**۵۸.** نبوت کے بارہویں سال حج کے موقع پر مدینہ شریف کے مزید ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ افراد اسلام لائے۔

(الف)√ بارہ (ب) دس (ج) گیارہ (د) چھ

**۵۹.** نبوت کے بارہویں سال حج کے موقع پر مدینہ شریف کے مزید بارہ افراد ۔۔۔۔۔۔۔ میں اسلام لائے۔

(الف) صفا کی پہاڑی (ب) احد (ج)√ منیٰ کی گھاٹی (د) عرفات کے میدان

**۶۰.** بیعتِ عقبۂ اولیٰ کا مطلب ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) گھاٹی کی بیعت (ب) بیعت کی گھاٹی (ج) گھاٹی کی دوسری بیعت (د)√ گھاٹی کی پہلی بیعت

**۶۱.** بیعتِ عقبۂ اولیٰ کے بعد نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حضرت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کو بطورِ معلّم بھیجا۔

(الف) زبیر بن عوام (ب) عمیر بن مصعب (ج)√ مصعب بن عمیر (د) عوام بن زبیر

۶۲۔ قبیلۂ اوس کے سردار کا نام حضرت۔۔۔۔۔۔۔۔ رضی اللہ عنہ تھا۔

(الف) طلحہ بن عبید اللہ (ب) عبید بن طلحہ (ج) معاذ بن سعد (د)√ سعد بن معاذ

۶۳۔ اعلانِ نبوت کے تیرہویں سال مدینہ کے تقریباً۔۔۔۔۔۔ افراد نے منٰی کی اسی گھاٹی میں اسلام قبول کیا۔

(الف) ستر/70 (ب) اکہتر/71 (ج)√ بہتر/72 (د) پچھتر/75

۶۴۔ مکہ سے مدینہ شریف سب سے پہلے حضرت۔۔۔۔۔۔۔ رضی اللہ عنہ نے ہجرت فرمائی۔

(الف) ابو قحافہ (ب) ابو عبد اللہ (ج)√ ابو سلمہ (د) علی

۶۵۔ کفارِ مکہ کے بڑے بڑے سرداروں نے۔۔۔۔۔۔ میں نبی کریم ﷺ کے خلاف مشورہ کیا۔

(الف) ابو جہل کے گھر (ب) جبل نور (ج) شیبہ کے گھر (د)√ دارالندوہ

۶۶۔ نبی کریم ﷺ نے ہجرت کرتے ہوئے غارِ ثور میں۔۔۔۔۔۔۔ گزارے۔

(الف)√ تین دن اور راتیں (ب) چار دن (ج) پانچ دن (د) دو دن اور راتیں

۶۷۔ مکہ شریف سے مدینہ طیبہ کا فاصلہ عموماً۔۔۔۔۔۔۔ میں طے ہوتا تھا۔

(الف) بارہ گھنٹوں (ب)√ بارہ دن (ج) بارہ ماہ (د) تیرہ دن

۶۸۔ مسجدِ قبا مدینہ شریف سے۔۔۔۔۔۔۔ کے فاصلے پر ہے۔

(الف) تین میٹر (ب) تین کلو میٹر (ج)√ تین میل (د) تیس میل

۶۹۔ نبی کریم ﷺ ہجرت کرکے مدینہ کے قریب سب سے پہلے قبیلۂ۔۔۔۔۔۔۔ کے پاس بطورِ مہمان تشریف لے گئے۔

(الف) بنو کلب (ب)√ عمرو بن عوف (ج) عوف بن عمرو (د) اوس

۷۰۔ مدینہ طیبہ کے قریب سب سے پہلے قبیلہ کے ایک سردار۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ہاں حضور ﷺ نے قیام فرمایا۔

(الف) حضرت ہدم (ب) حضرت عباس (ج)√ حضرت کلثوم بن ہدم (د) ہدم بن کلثوم

۷۱۔ فرمانِ مصطفیٰ ﷺ ہے: مسجدِ قبا میں نماز پڑھنا۔۔۔۔۔۔۔ کے برابر ہے۔

(الف) حج (ب) ہزار رکعات نوافل (ج) سو رکعات نوافل (د)√ عمرے

۷۲۔ نبی کریم ﷺ نے راستے میں قبیلۂ۔۔۔۔۔ کی مسجد میں پہلا جمعہ ادا فرمایا۔

(الف) بنی قریظہ (ب)√ بنی سالم (ج) اوس (د) خزرج

۷۳۔ مدینہ طیبہ میں نبی کریم ﷺ نے حضرت۔۔۔۔۔۔ رضی اللہ عنہ کے گھر قیام فرمایا۔

(الف) قتادہ (ب) عبد الرحمٰن بن عوف (ج) سعد بن عبادہ (د)√ ابو ایوب انصاری

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

۷۴۔ نبی کریم ﷺ نے ۔۔۔۔۔۔۔ تک حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر قیام فرمایا۔

(الف) سات سال (ب)√ سات ماہ (ج) سات دن (د) آٹھ ماہ

۷۵۔ اذان کی ابتداء ۔۔۔۔۔۔۔ میں ہوئی۔

(الف) مسجدِ قبا (ب) مسجدِ جمعہ (ج)√ مسجدِ نبوی (د) مسجد خیف

۷۶۔ اذان کے کلمات حضرت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھے۔

(الف) قتادۃ (ب) عبد الرحمٰن بن عوف (ج) سعد بن عبادہ (د)√ عبد اللہ بن زید

۷۷۔ مسجدِ نبوی شریف کی تعمیر تک مدینہ شریف میں مہاجرین صحابہ کرام کی تعداد ۔۔۔۔۔۔۔۔ تھی۔

(الف)√ 45یا50 (ب) 55یا60 (ج) 65یا70 (د) 75یا80

۷۸۔ مدینہ شریف میں بیت المقدس کی طرف نماز ۔۔۔۔۔۔۔ تک ادا ہوتی رہی۔

(الف)√ 16یا17ماہ (ب) 17سال (ج) 10ماہ (د) 10سال

۷۹۔ قبلہ کی تبدیلی کا واقعہ جس مسجد میں پیش آیا اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) مسجد خیف (ب) مسجد قبا (ج)√ مسجد قبلتین (د) مسجد عائشہ

۸۰۔ قبلہ کی تبدیلی کے واقعے کو ۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) تاویلِ قبلہ (ب)√ تحویلِ قبلہ (ج) انحرافِ قبلہ (د) انقسام قبلہ

۸۱۔ مسجدِ قبلتین مدینہ طیبہ سے تقریباً ۔۔۔۔۔۔۔ کے فاصلے پر واقع ہے۔

(الف) دو میٹر (ب) دو میل (ج)√ دو کلومیٹر (د) تین میل

۸۲۔ وہ جنگی لشکر جس میں اللہ کے پیارے نبی ﷺ بذاتِ خود تشریف لے جاتے اسے ۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف)√ غزوہ (ب) سریّہ (ج) موتہ (د) خندق

۸۳۔ جس جنگی لشکر میں نبی کریم ﷺ شامل نہیں ہوئے اسے ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) غزوہ (ب)√ سریّہ (ج) موتہ (د) خندق

۸۴۔ امام بخاری کی روایت کے مطابق غزوات کی تعداد ۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) 18 (ب) 20 (ج)√ 19 (د) 22

۸۵۔ سرایا کی تعداد ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف)√ 47یا56 (ب) 57یا60 (ج) 58یا68 (د) 59یا69

۸۶۔ مسلمانوں کی کفار کے ساتھ سب سے پہلی جنگ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

(الف) غزوۂ احد (ب) غزوۂ خندق (ج)√ غزوۂ بدر (د) غزوۂ تبوک

**۸۷.** بدر مدینہ شریف کے کچھ فاصلے پر ایک ------- کا نام ہے۔

(الف) کنویں (ب)√ گاؤں (ج) ملک (د) گھاٹی

**۸۸.** مدینہ شریف سے بدر شریف ------- دور ہے۔

(الف) 103 کلومیٹر (ب) 113 میل (ج)√ 113 کلومیٹر (د) 114 کلومیٹر

**۸۹.** جنگِ بدر میں مسلمانوں کی تعداد ------- تھی۔

(الف)√ 313 (ب) 315 (ج) 320 (د) 310

**۹۰.** جنگِ بدر میں مہاجرین صحابہ کی تعداد ------- تھی۔

(الف) 60 (ب) ساٹھ (ج)√ الف اور ب (د) 64

**۹۱.** جنگِ بدر میں قریش کی تعداد ------- تھی۔

(الف)√ 1000 (ب) 1500 (ج) 2000 (د) 2500

**۹۲.** جنگِ بدر میں لشکرِ قریش کا سپہ سالار ------- تھا۔

(الف) ربیعہ بن عتبہ (ب)√ عتبہ بن ربیعہ (ج) ابو جہل (د) شیبہ

**۹۳.** جنگِ بدر ------- ہجری کو ------- کے دن ہوئی۔

(الف) 17 شعبان/2/ہفتہ (ب) 18 شعبان/2/اتوار (ج)√ 17 رمضان/2/جمعہ (د) 17 رمضان/3/پیر

**۹۴.** جنگِ بدر ------- عیسوی کو ------- کے دن ہوئی۔

(الف)√ 13 مارچ/624/جمعہ (ب) 15 مارچ/624/اتوار (ج) 13 مارچ/625/پیر (د) 13 مارچ/626/منگل

**۹۵.** جنگِ بدر میں ابو جہل کو حضرت ------- نے واصلِ جہنّم کیا۔

(الف) ابو بکر صدیق رَضِیَ اللہُ عَنْہُ (ب)√ معاذ و معوّذ رضی اللہ عنہما (ج) عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللہُ عَنْہُ (د) علی المرتضی رَضِیَ اللہُ عَنْہُ

**۹۶.** جنگِ بدر میں کفار کے ------- آدمی قتل ہوئے۔

(الف) 72 (ب) 75 (ج) 68 (د)√ 70

**۹۷.** جنگِ بدر میں فتح کے بعد نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے ------- تک بدر ہی میں قیام فرمایا۔

(الف)√ 3 دن (ب) 4 دن (ج) 5 دن (د) 6 دن

**۹۸.** جنگِ بدر میں کل ------- مسلمانوں نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔

(الف) 15 (ب)√ 14 (ج) 16 (د) 18

ابو الحسن محمد ثاقب رضا عطاری

۹۹۔ جنگِ بدر میں کل ــــــــ مہاجرین نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔

(الف) 10 (ب) 8 (ج)√ 6 (د) 12

۱۰۰۔ جنگِ بدر میں کل ــــــــ انصار نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔

(الف) 10 (ب)√ 8 (ج) 6 (د) 12

۱۰۱۔ میدانِ بدر میں ــــــــ صحابہ کرام علیہم الرضوان مدفون ہوئے۔

(الف) 10 (ب) 8 (ج) 6 (د)√ 13

۱۰۲۔ بدر کے قیدیوں سے ــــــــ فدیہ لے کر ان کو چھوڑ دیا گیا۔

(الف) چار ہزار دینار (ب)√ چار ہزار درہم (ج) تین ہزار درہم

۱۰۳۔ جو قیدی لکھنا جانتے تھے ان کا فدیہ یہ تھا کہ وہ انصار کے ــــــ لڑکوں کو لکھنا سکھادیں۔

(الف)√ 10 (ب) 8 (ج) 6 (د) 13

۱۰۴۔ رسول کریم ﷺ کے چچا حضرت ــــــــ رضی اللہ عنہ خفیہ طور پر اسلام قبول کر چکے تھے۔

(الف)√ عباس (ب) امیر حمزہ (ج) زبیر (د) ابوطالب

۱۰۵۔ جبلِ احد مسجدِ نبوی شریف سے تقریباً ــــــــ دور ہے۔

(الف) 5 میٹر (ب) 5 میل (ج)√ 5 کلومیٹر (د) 3 میل

۱۰۶۔ ایک روایت کے مطابق جنگِ احد ــــــــــ ہجری کو ہوئی۔

(الف)√ 17 شوال 3 (ب) 18 شوال 4 (ج) 17 شوال 4 (د) 17 شوال 5

۱۰۷۔ احد پہاڑ کے درمیانی راستہ (درہ) کی حفاظت کیلئے ــــــــ کا دستہ مقرر فرمایا۔

(الف) 50 نیزہ باز (ب)√ 50 تیر انداز (ج) 55 تیر انداز (د) 60 تیر انداز

۱۰۸۔ نبی کریم ﷺ نے اس دستے کا افسر حضرت ــــــــــ رضی اللہ عنہ کو بنایا۔

(الف) علی المرتضیٰ (ب) امیر حمزہ (ج) جبیر بن عبداللہ (د)√ عبداللہ بن جبیر

۱۰۹۔ غزوۂ احد میں شہداء کی تعداد ــــــــ تھی۔

(الف) 75 (ب)√ 70 (ج) 72 (د) 68

۱۱۰۔ غزوۂ احد میں مہاجرین شہداء کی تعداد ــــــــ تھی۔

(الف) 6 (ب) 8 (ج)√ 4 (د) 10

۱۱۱۔ غزوۂ احد میں انصاری شہداء کی تعداد ــــــــ تھی۔

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

(الف)√ 66 (ب) 68 (ج) 70 (د) 64

۱۱۲۔ غزوۂ احد میں۔۔۔۔۔۔۔۔کافر مارے گئے۔

(الف) 25 (ب) 32 (ج)√ 30 (د) 35

۱۱۳۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہجری کو بئرِ معونہ کا واقعہ پیش آیا۔

(الف)√ صفر 4 (ب) ذوالقعدہ 4 (ج) شوال 5 (د) شعبان 5

۱۱۴۔ سن 5 ہجری کو غزوۂ۔۔۔۔۔۔۔۔۔پیش آیا۔

(الف) غزوۂ احد (ب)√ غزوۂ خندق (ج) غزوۂ بدر (د) غزوۂ تبوک

۱۱۵۔ غزوۂ خندق کو۔۔۔۔۔۔بھی کہتے ہیں۔

(الف) غزوۂ احد (ب)√ غزوۂ احزاب (ج) غزوۂ بدر (د) غزوۂ تبوک

۱۱۶۔ غزوۂ خندق میں دشمنوں کی تعداد۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھی۔

(الف)√ 10ہزار (ب) 15ہزار (ج) 12ہزار (د) 14ہزار

۱۱۷۔ جنگ خندق میں۔۔۔۔۔۔صحابہ کرام علیہم الرضوان کے ساتھ نبی کریم ﷺ خندق کھودنے میں مصروف ہو گئے۔

(الف) 10ہزار (ب) 15ہزار (ج) 12ہزار (د)√ 3ہزار

۱۱۸۔ تقریباً۔۔۔۔۔۔دن میں یہ خندق تیار ہوئی۔

(الف) بیس ماہ (ب)√ بیس دن (ج) تیس دن (د) 35دن

۱۱۹۔ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے فیصلے کے مطابق بنو قریظہ کے لڑنے والوں کو۔۔۔۔۔۔کر دیا گیا۔

(الف) معاف (ب)√ قتل (ج) فدیہ لیا گیا

۱۲۰۔ ہجرت کے چھٹے سال ذوالقعدہ کے ماہ میں نبی کریم ﷺ نے۔۔۔۔۔۔۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیساتھ عمرے کا احرام باندھا۔

(الف) 1500 (ب) 1450 (ج)√ 1400 (د) 1600

۱۲۱۔ بستی حدیبیہ مکہ شریف سے تقریباً۔۔۔۔۔۔۔کے فاصلے پر واقع ہے۔

(الف) 24 میل (ب)√ 24کلومیٹر (ج) 24میٹر (د) 22کلومیٹر

۱۲۲۔ قرآن پاک میں صلح حدیبیہ کو۔۔۔۔۔۔۔فرمایا گیا۔

(الف) نصر مبین (ب) فتحِ دلیل (ج)√ فتح مبین (د) کلمۂ مبین

۱۲۳۔ صلحِ حدیبیہ کے بعد ہر طرف۔۔۔۔۔۔۔۔کی فضا پھیل گئی۔

(الف) جنگ وجدل (ب) خوف وہراس (ج) اختلاف (د)√ امن وسکون

۱۲۴۔ ایک قول یہ ہے کہ غزوۂ خیبر۔۔۔۔۔۔۔کا واقعہ ہے۔

(الف) 7ئۃ (ب)√ 7ھ (ج) 8ھ (د) 9ھ

۱۲۵۔ خیبر عرب میں۔۔۔۔۔۔۔کا سب سے بڑا مرکز تھا۔

(الف) نصاریٰ (ب) مجوسیوں (ج) بت پرستوں (د)√ یہودیوں

۱۲۶۔ مدینہ شریف سے خیبر کا فاصلہ تقریباً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(الف)√ 153 کلومیٹر (ب) 153 میل (ج) 155 کلومیٹر (د) 150 کلومیٹر

۱۲۷۔ خیبر کے۔۔۔۔۔۔۔قلعے بڑے مشہور ہیں۔

(الف) 6 (ب)√ 8 (ج) 4 (د) 10

۱۲۸۔ نبی کریم ﷺ ۔۔۔۔۔۔۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ خیبر کی طرف روانہ ہوئے۔

(الف) 1500 (ب) 1450 (ج) 1400 (د)√ 1600

۱۲۹۔ خیبر کا سب سے بڑا اور مضبوط قلعہ۔۔۔۔۔۔۔تھا۔

(الف)√ قموص (ب) مصوق (ج) قموس (د) کموص

۱۳۰۔ قموص کو حضرت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رضی اللہ عنہ نے فتح فرمایا۔

(الف) عمر فاروق (ب) طلحہ (ج) عبد اللہ بن عمر (د)√ علی المرتضیٰ

۱۳۱۔ خیبر میں ہونے والے جنگوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔یہودی قتل ہوئے۔

(الف) 90 (ب)√ 93 (ج) 92 (د) 88

۱۳۲۔ خیبر میں ہونے والے جنگوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہید ہوئے۔

(الف) 12 (ب) 18 (ج)√ 15 (د) 20

۱۳۳۔ احرام میں چادر کو اس طرح اوڑھنا کہ داہنا کندھا اور بازو کھلا رہے، اس کو۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) رمل (ب)√ اضطباع (ج) رمی (د) جمرات

۱۳۴۔ طواف میں شروع کے تین پھیروں میں کندھے کو ہلا ہلا کر اور خوب اکڑتے ہوئے چلنے کو۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)√ رمل (ب) اضطباع (ج) رمی (د) جمرات

۱۳۵۔ مُوتہ۔۔۔۔۔۔۔میں ایک مقام ہے۔

(الف) یمن (ب)√ شام (ج) عراق (د) کوفہ

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

۱۳۶۔ غزوۂ موتہ میں نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اپنے مبارک ہاتھوں سے سفید رنگ کا جھنڈا حضرت ۔۔۔۔۔۔۔ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کے ہاتھ میں دیا۔

(الف) عبد اللہ بن زید (ب) حارثہ بن زید (ج)√ زید بن حارثہ (د) عبد اللہ بن رواحہ

۱۳۷۔ غزوۂ موتہ میں مسلمانوں کی تعداد ۔۔۔۔۔۔۔۔ تھی۔

(الف)√ 3000 (ب) 1450 (ج) 1400 (د) 1600

۱۳۸۔ غزوۂ موتہ میں کفار کی تعداد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھی۔

(الف) 3000 (ب) 1450 (ج)√ دو لاکھ (د) 1600

۱۳۹۔ جنگِ موتہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ تک جاری رہی۔

(الف)√ سات دن (ب) سات ماہ (ج) آٹھ دن (د) دس دن

۱۴۰۔ جنگِ موتہ میں دشمنوں کی ہلاکتوں کی تعداد ۔۔۔۔۔۔۔۔ تک بیان کی گئی ہے۔

(الف) تیرہ ہزار (ب)√ بارہ ہزار (ج) دس ہزار (د) آٹھ ہزار

۱۴۱۔ جنگِ موتہ میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُم نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔

(الف) چودہ (ب) دس (ج)√ بارہ (د) پندرہ

۱۴۲۔ قبیلۂ بنو بکر اور بنو خزاعہ کے درمیان کافی عرصے سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھی۔

(الف) دوستی (ب)√ دشمنی (ج) معاہدہ (د) اختلاف

۱۴۳۔ ہجرت کے آٹھویں سال رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کم و بیش ۔۔۔۔۔۔ کا لشکر لے کر مکہ شریف کی طرف روانہ ہوئے۔

(الف)√ دس ہزار (ب) 1450 (ج) دو لاکھ (د) 1600

۱۴۴۔ اسی لشکر میں بعض قبائل راستے میں شامل ہوئے تو ٹوٹل تعدا ۔۔۔۔۔۔۔ ہو گئی۔

(الف) دس ہزار (ب)√ بارہ ہزار (ج) دو لاکھ (د) 1600

۱۴۵۔ مکہ میں داخلے سے پہلے لشکر کے دو حصوں میں سے ایک حصہ خود اور ایک حصہ حضرت ۔۔۔۔۔۔۔ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کی سربراہی میں دیا۔

(الف) عمر فاروق (ب) ابو بکر صدیق (ج)√ خالد بن ولید (د) ابو عبیدہ بن الجراح

۱۴۶۔ قریش کے بعض افراد نے حضرت خالد بن ولید کے لشکر پر حملہ کر دیا جس سے ۔۔۔۔۔۔ مسلمان شہید ہوئے۔

(الف) 5 (ب) 2 (ج) 7 (د)√ 3

۱۴۷۔ اسی حملے میں کم و بیش ۔۔۔۔۔۔ کافر قتل ہوئے۔

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

(الف) √ 12 (ب) 13 (ج) 15 (د) 17

**۱۴۸.** حنین ایک وادی ہے جو مکہ شریف سے تقریباً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے فاصلے پر واقع ہے۔

(الف) 30 (ب) √ 29 (ج) 15 (د) 17

**۱۴۹.** حنین ایک وادی ہے جو مدینہ شریف سے تقریباً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے فاصلے پر واقع ہے۔

(الف) 460 (ب) 458 (ج) √ 462 (د) 464

**۱۵۰.** ہجرت کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال غزوۂ تبوک کا معرکہ پیش آیا۔

(الف) دسویں (ب) آٹھویں (ج) ساتویں (د) √ نویں

**۱۵۱.** غزوۂ تبوک کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بھی کہتے ہیں۔

(الف) √ جیش العُسرَۃ (ب) احزاب (ج) خندق (د) احد

**۱۵۲.** سب سے آخری جنگ جس میں رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے بذاتِ خود شرکت فرمائی وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(الف) احزاب (ب) √ تبوک (ج) خندق (د) احد

**۱۵۳.** ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہجری کو وفود کا سال بھی کہا جاتا ہے۔

(الف) 8 (ب) 7 (ج) √ 9 (د) 10

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

## ☆مختصر اور تفصیلی سوالات☆

1. زمانۂ جاہلیت میں کیا خرابیاں تھیں؟ دس جملوں میں بیان فرمائیں۔
2. نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت کے وقت کیا واقعات رونما ہوئے؟ دس جملوں میں بیان فرمائیں۔
3. نبی کریم ﷺ کی ولادتِ باسعادت کون سے سال، وقت اور تاریخ کو ہوئی؟
4. حضور نبی کریم ﷺ کا مبارک شجرۂ نسب شریف والد اور والدہ کی طرف سے بیان فرمائیں۔
5. نبی کریم ﷺ کی والدین کریمین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ پانچ جملوں میں تحریر فرمائیں۔
6. رسول اللہ ﷺ نے کن خوش نصیب عورتوں سے دودھ پینے کا شرف بخشا؟ ٹوٹل تعداد لکھیں نیز حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
7. رسول اللہ ﷺ کے بچپن کے کچھ پیارے واقعات و برکات زینتِ قرطاس فرمائیں۔ دس جملوں میں
8. رسول اللہ ﷺ کی بچپن کی کچھ پیاری ادائیں تحریر فرمائیں۔ دس جملوں میں
9. رسول اللہ ﷺ کی بچپن کے وجود پاک کی کچھ پیاری برکتیں تحریر فرمائیں۔ دس جملوں میں
10. رسول اللہ ﷺ قبیلۂ بنو سعد میں کتنی دیر تک رہے نیز شقّ صدر سے کیا مراد ہے، آپ ﷺ کا شقِ صدر کتنی دفعہ ہوا؟
11. رسول اللہ ﷺ کی والدہ ماجدہ کے وصالِ پر ملال کے وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟ نیز آپ کی والدہ ماجدہ کا انتقال کون سے مقام پر ہوا؟
12. والدین کریمین کے وصال کے بعد رسول اللہ ﷺ کن کی پرورش میں رہے؟ کچھ واقعات زینتِ قرطاس فرمائیں۔
13. نبی کریم ﷺ کے لڑکپن کی کچھ برکتیں تحریر فرمائیں۔ دس جملوں میں
14. جناب نبی کریم ﷺ نے پہلا سفر یمن کب فرمایا؟ اور اس وقت کون سا واقعہ رونما ہوا؟
15. نبی کریم ﷺ نے اپنا پہلا تجارتی سفر کب اور کس ملک کی طرف فرمایا؟ واقعے کی صورت میں بیان فرمائیں۔
16. نبی کریم ﷺ نے مزید تجارتی اسفار کب اور کون کون سے ملکوں کی طرف فرمائے؟
17. حِلفُ الفُضُول سے کیا مراد ہے؟ کیا نبی کریم ﷺ نے اس میں شرکت فرمائی تھی؟ تفصیلاً بیان فرمائیں۔
18. نبی کریم ﷺ نے اپنا دوسرا سفر شام کب اور کس غرض سے فرمایا؟ نیز اس سفر میں آپ ﷺ کا رفیق کون تھا؟ شام پہنچ کر کیا واقعہ پیش آیا؟
19. حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نبی کریم ﷺ سے ان کا نکاح کب ہوا؟
20. حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نکاح کا مہر کتنا تھا نیز حضرت خدیجہ حضور ﷺ کی خدمت میں کتنے سال تک رہیں؟
21. نبی کریم ﷺ نے تعمیرِ کعبہ شریف میں کیا کردار ادا فرمایا؟ نیز حجرِ اسود کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

22. نبی کریم ﷺ کے کردار مبارک پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔

23. نبی کریم ﷺ کتنی عمر مبارک کہ میں کون سے غار کی طرف تشریف لے جانا شروع کیا؟ اور کس غرض سے؟

24. وحی کی ابتداء کب ہوئی؟ نیز ان آیاتِ کریمہ ﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلۡمُدَّثِّرُ ۝١ قُمۡ فَأَنذِرۡ ۝٢ وَرَبَّكَ فَكَبِّرۡ ۝٣ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرۡ ۝٤ وَٱلرُّجۡزَ فَٱهۡجُرۡ ۝٥﴾ کا شانِ نزول "آخری نبی ﷺ کی پیاری سیرت" کی روشنی میں لکھیں۔

25. غارِ حرا کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

26. آزاد مردوں، عورتوں، لڑکوں، آزاد کردہ غلاموں اور غلاموں میں سب سے پہلے کس نے ایمان قبول کیا؟

27. تبلیغ اسلام کے دوسرے مرحلے پر روشنی ڈالیں۔

28. آیت کریمہ ﴿فَٱصۡدَعۡ بِمَا تُؤۡمَرُ وَأَعۡرِضۡ عَنِ ٱلۡمُشۡرِكِينَ ۝٩٤﴾ کب نازل ھوئی، اس کے نزول کے بعد کیا ہوا؟

29. نبی کریم ﷺ کی ذاتِ بابرکات پر کفار نے کس قسم کے ظلم و ستم کیے؟

30. صحابۂ کرام علیہم الرضوان پر کفار نے کس قسم کے ظلم و ستم کیے؟

31. حبشہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ان علاقوں کی طرف کتنے صحابۂ کرام علیہم الرضوان نے کب ہجرت کی؟

32. شعبِ ابی طالب کے محاصرے کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔ نیز کتنے عرصے تک محاصرہ رہا؟ اور اس دوران خاندانِ بنی ہاشم کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

33. عام الحزن سے کیا مراد ہے؟ اس سال میں کون سے واقعات رونما ہوئے تھے؟

34. سفر طائف کے کچھ واقعات سپرد قلم فرمائیں۔

35. نبی کریم ﷺ کی بارگاہِ بے کس پناہ میں جنات کی کب حاضری ہوئی اور مشرف باسلام ہوئے؟

36. مدینہ شریف کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز نبی کریم ﷺ کی تشریف آوری سے پہلے اس شہر میں کون سے قبائل آباد تھے؟

37. بیعتِ عقبۂ اولی سے کیا مراد ہے؟

38. بیعتِ عقبۂ ثانیہ سے کیا مراد ہے؟

39. ہجرتِ مدینہ کے اسباب اور اس کے نتائج پر روشنی ڈالیں۔

40. نبی کریم ﷺ کے خلاف کون سے سردارانِ قریش نے کس مقام پر کیا مشاورت کی؟ اور کس کی تجویز پر عمل کیا گیا؟

41. ہجرتِ مصطفی ﷺ کے اسباب اور پس منظر پر روشنی ڈالیں۔

ابوالحسن محمد ثاقب رضا عطاری

42. نبی کریم ﷺ کی مدینہ طیبہ آمد پر اہلِ مدینہ نے کس انداز میں خوشیاں منائیں؟ نیز آپ ﷺ کی آمد سے قبل اہلِ مدینہ استقبالِ مصطفی ﷺ کے لیے کیا انتظامات کرتے تھے؟

43. مسجدِ قبا کی فضیلت حدیث پاک کی روشنی میں بیان کرتے ہوئے اس کی تعمیر پر روشنی ڈالیں نیز جمعہ کی ابتداء کب اور کیسے ہوئی؟

44. نبی کریم ﷺ نے مدینہ شریف میں کون سے خوش نصیب صحابی کے ہاں قیام فرمایا؟ کچھ واقعات زینتِ قرطاس فرمائیں۔

45. مسجدِ نبوی شریف کی تعمیر کا پس منظر بیان فرمائیں۔

46. مؤاخاۃ بین الصحابۃ (صحابۂ کرام علیہم الرضوان کا آپس میں بھائی بھائی بن جانا) کے واقعات تفصیلاً بیان فرمائیں۔

47. قبلہ کی تبدیلی کب ہوئی اور اس موقع پر کون سی آیاتِ کریمہ نازل ہوئیں؟ اسی واقعے کو کیا کہتے ہیں؟

48. مسلمانوں کے ہجرتِ مدینہ کے بعد کافروں نے ان کے خلاف کیا سازشیں رچائیں؟ نیز ان کے دفاع میں مسلمانوں نے کیا اقدامات کئے؟

49. غزوہ اور سریّہ میں کیا فرق ہے؟

50. غزوۂ بدر کے اسباب، اس کی وجہ تسمیہ اور اس کا پس منظر بیان فرمائیں۔

51. غزوۂ بدر کے واقعے اور نتائج پر جامع نوٹ لکھیں۔

52. غزوۂ بدر میں کتنے صحابۂ کرام علیہم الرضوان نے جامِ شہادت نوش فرمایا، نیز بدری صحابہ کی فضیلت حدیث پاک کی روشنی میں بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ بدری قیدیوں کا کیا انجام ہوا؟

53. غزوۂ بدر کے اسباب، پس منظر اور لشکروں کی تعداد زینتِ قرطاس فرمائیں۔

54. جبلِ احد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ اس کی فضیلت حدیث پاک کی روشنی میں بیان فرمائیں۔

55. غزوۂ احد کے واقعات، نتائج اور جنگ کے معرکے پر جامع نوٹ لکھیں۔

56. واقعۂ رجیع اور واقعۂ بئرِ معونہ سے کیا مراد ہے؟

57. غزوۂ بنو نضیر کے اسباب اور نتائج بیان کریں۔

58. غزوۂ بنو مصطلق کے اسباب اور نتائج بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ واقعۂ اُفک سے کیا مراد ہے؟

59. غزوۂ خندق کے اسباب اور اس کے نتائج بیان کریں۔

60. غزوۂ بنو قریظہ کے اسباب اور نتائج بیان کریں۔

61. حدیبیہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز صلح حدیبیہ کے شرائط اور وجوہات تحریر فرمائیں۔

62. بیعت الرضوان سے کیا مراد ہے؟

63. مختلف سلاطین کے نام دعوتِ اسلام پر جامع نوٹ لکھیں۔

64. خیبر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ غزوۂ خیبر کے اسباب اور نتائج بیان کریں۔
65. عمرۃ القضاء کی ادائیگی کب اور کیسے ہوئی؟
66. موتہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز غزوۂ موتہ کے اسباب اور نتائج بیان کریں۔
67. فتح مکہ کے اسباب اور نتائج پر جامع نوٹ لکھیں۔
68. فتح مکہ کے بعد رسول اللہ ﷺ کا مکہ شریف میں داخلہ کس شان سے ہوا؟ نیز حضور ﷺ کا پہلا فرمان کون سا جاری ہوا؟
69. غزوۂ حنین کے اسباب اور اس کے نتائج بیان کریں۔
70. تبوک کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز غزوۂ تبوک کے اسباب اور اس کے نتائج بیان کریں۔
71. سنۃ الوفود سے کیا مراد ہے؟ نیز مدینہ شریف میں کثرت سے وفود کی آمد کی وجوہات تحریر کریں۔
72. وفدِ کندہ اور وفدِ فزارہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ان کی آمد مدینہ شریف میں کب ہوئی؟
73. وفدِ قبیلۂ بنی سعد بن بکر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ان کی آمد مدینہ شریف میں کب ہوئی؟
74. حجۃ الوداع پر جامع نوٹ تحریر کریں۔
75. الوداعی خطبے پر جامع نوٹ تحریر کریں۔
76. الوداعی خطبے کی بہاریں بیان کرتے ہوئے موئے مبارک کی تقسیم بیان فرمائیں۔
77. مرضِ وفات اور رحلت شریف کے کچھ واقعات زینتِ قرطاس فرمائیں۔
78. نبی کریم ﷺ کے حلیہ مبارک پر جامع نوٹ لکھیں۔
79. نبی کریم ﷺ کی پسندیدہ غذائیں، لباس اور مبارک سواریاں تفصیل سے لکھیں۔
80. نبی کریم ﷺ کی مبارک عادات و اخلاقِ کریمہ بیان فرمائیں۔
81. نبی کریم ﷺ کے فضائل و خصائص تفصیل سے بیان فرمائیں۔

بے حساب مغفرت کی دعا کا ملتجی:

**ابو الحسن محمد ثاقب رضا عطاری**

ابو الحسن محمد ثاقب رضا عطاری